جناح الترنم بالقران الكريم ـ معهد الزهراء ـ الجامعة السيفية

هَل مَظهَرُ ذِي العَرشِ سِوٰى صِنوِ الرَّسُولِ * فِي كُلِّ ظُهُورٍ

اَم هَل لِلوَرٰى مُعطٍ سِوَاهُ كُلَّ سُؤلٍ * فِي كُلِّ ظُهُورٍ

سوں بھلا ذو العرش تعالى نا مظهر رسول الله نا بھائي نا سوی کوئي چھے؟ هر ظهور ما سوں بھلا اهنا سوی خلق نے تمام امیدو نا آپنار کوئي چھے؟ هر ظهور ما

مَا اَعظَمَهُ مِن مَلَكٍ يُدعٰى عَلِيًّا * لِلّٰهِ وَلِيًّا

لِلخَلقِ تَجَلّٰى بِهِ مِن دُونِ الحُلُولِ * فِي كُلِّ ظُهُورٍ

عجب عظيم آپ فرشته چھے جه نے "علي" خدا نا ولي کهي نے بلاوا ما آوے چھے

"علي ولي الله" جه نا سي خدا تعالى يه خلق واسطے حلول نا دون تجلي کيدي چھے

هر ظهور ما.

لَولَاهُ لَمَاَ اَبدَعَ ذُو العَرشِ بَدِيعًا * ذَا الخَلقَ جَمِيعًا

فَالعِلَّةُ لِلخَلقِ اِذًا زَوجُ البَتُولِ * فِي كُلِّ ظُهُورٍ

جو آپ نه هوتا تو حکمة سي پيدا نا کرنار ذو العرش آتمام خلق نے پيدا نه کرتا

پچھي خلق نا علة تو ع واسطے فاطمة البتول نا شوهر چھے ، هر ظهور ما.

لَولَاهُ لَمَاَ كَانَ لِذِي العَرشِ سُجُودُ * وَالخَلقِ وُجُودُ

لَولَاهُ لَمَاَ كَانَ لِطٰهٰ مِن مَثِيلٍ * فِي كُلِّ ظُهُورٍ

جو آپ نه هوتا تو الله ذو العرش واسطے سجود نه هوتوا نے خلق واسطے وجود

نه هوتو ، جو آپ نه هوتا تو طٰه واسطے کوئي هم مثل نه هوتا ، هر ظهور ما.

مَن خَلَّلَ اِبرَاهِيمَ مَن كَلَّمَ مُوسٰى * مَن عَلَّمَ عِيسٰى

اِحيَاءَ الَّذِي مَاتَ وَاِبرَاءَ العَلِيلِ * فِي كُلِّ ظُهُورٍ

بھلا کوئے نبي ابراهيم ع م نے خليل بنايا؟ کوئے نبي موسى ع م نے کليم بنايا؟ عيسى ع م نے

مرده زنده کرواني انے بيمار نے شفاء آپواني تعليم کوئے ديدي؟ ، هر ظهور ما.

<table>
<tr><td>مَن رَدَّ سَنَا الشَّمسِ لَهُ بَارِي العُقُولِ</td><td>✻</td><td>مِن بَعدِ اُفُولِ</td></tr>
<tr><td>مَن خَاطَبَهُ الثّعبَانُ فِي الجَمعِ الجَلِيلِ</td><td>✻</td><td>فِي كُلِّ ظُهُورِ</td></tr>
<tr><td colspan="3">وه كون صاحب چهے جه نا واسطے باري العقول (الله سبحانه) پر آفتاب ني روشني
نے غروب نا بعد رد كيدي ،وه كون صاحب چهے جر نے ازدها پر ايك جليل
اجتماع ما خطاب كيدو ،هر ظهور ما.</td></tr>
</table>

<table>
<tr><td>يَاقَومِ تَوَلَّوهُ تَفُوزُوا بِالاَمَانِي</td><td>✻</td><td>فِي نَيلِ الجِنَانِ</td></tr>
<tr><td>لِمُوَالِيهِ فِي مَغنَى العُلىٰ حَظُّ الوُصُولِ</td><td>✻</td><td>فِي كُلِّ ظُهُورِ</td></tr>
<tr><td colspan="3">اے ماري قوم تميں اهني ولاية راكهو تو جنة نے حاصل كرواني تماري اميد تمام تهاسے
(كيم كر) آپني محبة كرناراؤ واسطے بلندي نا مغنى ما پهنچوانو حظ چهے ،هر ظهور ما.</td></tr>
</table>

<table>
<tr><td>فَاختُصَّ اِلٰـهُ الاَرضِ مِنهُ وَاَخُوهُ</td><td>✻</td><td>طٰه وَبَنُوهُ</td></tr>
<tr><td>مِن رَبِّهِم الوَاحِدِ بِالقُدسِ الجَزِيلِ</td><td>✻</td><td>فِي كُلِّ ظُهُورِ</td></tr>
<tr><td colspan="3">آپ الٰه الارض انے آپنا بهائي طٰه انے آپنا فرزندو آپ سگلا نا رب واحد تهكي
قدس جزيل (صلوات) سي خاص كرواما آؤجو ،هر ظهور ما.</td></tr>
</table>

<table dir="rtl">
<tr><td>اَمِيرُالمُؤمِنِينَ اَبُو تُرَابِ</td><td>*</td><td>هُوَ المَمدُوحُ فِي آيِ الكِتَابِ</td></tr>
<tr><td colspan="3">امير المؤمنين صع ابوتراب چھے. كتاب الله (قرآن مجيد) ني آيتوما آپ ني مدح چھے</td></tr>
<tr><td>اَمِيرُ النَّحلِ غِيثُ المَحلِ غَوثُ الـ</td><td>*</td><td>ـوَليِّ عَلى الاَعَادِي لَيثُ غَابِ</td></tr>
<tr><td colspan="3">آپ امير النحل چھے (نحل سي مراد مؤمنين ني چھے) قحط نا وادل چھے (قحط نے دور نا كرنار چھے)
محبة كرنار نا آسرا چھے. دشمنو پر جولان نا شير چھے</td></tr>
<tr><td>عَلِيٌّ اَعظَمُ الاَسمَاءِ حَقًّا</td><td>*</td><td>لِمُبدِعِهِ كَذَا اَعلَى الحِجَابِ</td></tr>
<tr><td colspan="3">علي – ير آپ نا مبدع واسطے تحقيقا تمام اسماء نا اعظم چھے ايجمثل اعلى الحجاب چھے.</td></tr>
<tr><td>وَلِيُّ اللهِ صَفوُ الصَّفوِ خَيرُ الـ</td><td>*</td><td>ـبَرَايَا كُلِّهَا لُبُّ اللُّبَابِ</td></tr>
<tr><td colspan="3">آپ خدا نا ولي چھے ، خلاصرؤ نا خلاصة چھے ، تمام خلق نا خير چھے. لب اللباب چھے.</td></tr>
<tr><td>رَسُول اللهِ كَانَ مَدِينَةَ العِلـ</td><td>*</td><td>ـمِ كَانَ لَهَا عَلِيٌّ خَيرَ بَابِ</td></tr>
<tr><td colspan="3">رسول الله صلع علم نا شهر چھے انے علي عم يه شهر واسطے خير باب چھے
(رسول الله صلع ني حديث "انا مدينة العلم وعلي بابها" ني تضمين چھے).</td></tr>
<tr><td>عَلِيٌّ المُرتَضَى الصِّدِّيقُ حَقًّا</td><td>*</td><td>وَمَن نَاوَاهُ عُنوَانُ الكِذَابِ</td></tr>
<tr><td colspan="3">علي المرتضى صع تحقيقا صديق چھے. انے جر – آپ ني عداوة كرے ير كذب (جھوٹ)
نو عنوان چھے</td></tr>
<tr><td>اِذَا نَادَيتَ مَولَانَا عَلِيًّا</td><td>*</td><td>اَغَاثَكَ فِي المُهِمَّاتِ الصِّعَابِ</td></tr>
<tr><td colspan="3">جر وقت بھي – تو مولانا علي عم نے نداء كرسے
تو ير مولى تنے سخت مصيبتو ما وار آپسے.</td></tr>
<tr><td>اِذَا نَادَيتَهُ مُستَهدِيًا فِي</td><td>*</td><td>الاُمُورِ هَدَاكَ مِنهَاجَ الصَّوَابِ</td></tr>
<tr><td colspan="3">جر وقت بھي تو – ير مولى نے امور ما هداية طلب كرتا هوا نداء كرسے
تو ير مولى تنے سيدھا رستر ني هداية ديسے.</td></tr>
</table>

وَكَم خُطَبٍ لَهُ غَرَّاءَ تَزهُو ✻ بَلَاغَتُهُنَّ مَعَ فَصلِ الخِطَابِ

انے آپ نا گھنا روشن خطبہ ؤچھے جہ ني بلاغة فصل الخطاب نا ساتھے چمکے چھے.

اَغِثنَا يَا اَمِيرَ المُؤمِنِينَ الـ ✻ ـمُفَدّٰى مِن عَوَادِي الِاكتِيَابِ

اے امیر المؤمنین - المفدى ! (همارو جان آپ پر فداء تھا جو)

آپ همنے درد ني شدتو سي وار آپیئے.

اَنَا عَبدٌ لِبَيتِكَ مُستَكِينٌ ✻ اَمِيرِ المُؤمِنِينَ اَبَا تُرَابِ

اے امیر المؤمنین ! اے ابو تراب ! میں آپ نا گھر نو خاضع بندو چھوں.

اَمُولَايَ اسقِنِي مِن كَوثَرٍ قَد ✻ حَبَاكَ اِلٰهُنَا اَهنَى الشَّرَابِ

اے مارا مولى ! آپ نا اله یہ آپ نے بخشو چھے ، اهما سي اهنى الشراب منے پلاوئیہ.

اَتَيتُكَ سَائِلاً لِنَدَاكَ اَرجُو ✻ بِاِسعَافِ الاَمَانِي لِي جَوَابِي

میں آپ ني عطاء نو سؤال كرتا هوا آپ نا نزديك آيو چھوں ، ماري اميدونا تمامية نا جواب ني اميد كروں چھوں.

اَغِثنِي اَيُّهَا المَولٰى اَغِثنِي ✻ وَهَب لِي بِغيَتِي وَاَنِل طِلَابِي

اے مولى ! آپ منے وار آپیہ ، وار آپیہ ، منے ماري اميد عطاء كري دئیہ ،

ماري طلب بخشي دئیہ.

اُحِبُّكَ يَا اَمِيرَ المُؤمِنِينَ الـ ✻ ـوَلِيَّ المُجتَبٰى مَحضَ الحِبَابِ

اے امیر المؤمنین ، ولي مجتبى ! میں آپ ني خالص محبة كروں چھوں.

سَلَامِي يَا نَسِيمَ الصُّبحِ بَلِّغ ✻ اِلٰى مَولَايَ فِي اَعلَى القِبَابِ

اے نسيم الصبح ! تو مارا سلام نے مارا مولى ني طرف بلند قبة ؤما پهنچاوي ديجے.

رَجَوتُ بِجَاهِهِ زُلفٰى لَدٰى ذِي ✻ الجَلَالِ وَهٰكَذَا حُسنَ المَآبِ

میں یہ مولى ني حرمة سي - ذو الجلال نا نزديك قربة ني اميد كروں چھوں انے ایجمثل بهتر

ولواني (معاد ني) اميد كروں چھوں.

<table>
<tr><td>اَيَارَبِّ اجعَلَن فِي خِدمَةِ ابنِ الـ</td><td>*</td><td>ـوَصِيِّ المُـرتَضٰى شَيبِـي شَبَابِي</td></tr>
<tr><td colspan="3">اے مارا رب ! وصي مرتضى نا فرزند (امام الزمان صع) ني خدمة ما مارا بڑھاپا نے ماري جواني كري ديجے.</td></tr>
<tr><td>عَلٰى طٰهٰ وَعِترَتِـهِ غَوَادِي</td><td>*</td><td>صَلٰوةِ اللهِ هلَّت كَالسَّحَابِ</td></tr>
<tr><td colspan="3">طه صلع انے اٰپ ني عترة پر ، الله ني صلوات نا وادلاؤ ورسنار وادل ني مثل ٹپكتا رهجو.</td></tr>
</table>

<table dir="rtl">
<tr><td>اَسَمِيًا كَانَ لله العَلِي</td><td>*</td><td>اَنتَ بِالله الوَلِيِّ ابنُ الوَلِي</td></tr>
<tr><td colspan="3">اے الله نا هم نام علي ، آپ ـ الله نا قسم ـ ولي نا فرزند ولي چهو.</td></tr>
<tr><td>عُدمُلِيُّ المَجدِ عَادِيُّ العُلى</td><td>*</td><td>صِفَةُ العَقلِ الشَّرِيفِ الاَوّل</td></tr>
<tr><td colspan="3">آپنو مجد عدملي چهے آپني بلندي قديم چهے ، عقل اول شريف ني صفة آپ چهو.</td></tr>
<tr><td>لَافَتیٰ اِلَّا عَلِيٌّ هٰكَذَا</td><td>*</td><td>سَمِعُوا فِيهِ نِدَاءً مِن عَلِي</td></tr>
<tr><td colspan="3">"لا فتى الا علي" (نتهي كوئي جوان مگر علي) آ مثل يه سگلا يے آپ ما خدا سي نداء سني.</td></tr>
<tr><td>اُوتِيَ العِلمَ عَلى اَقسَامِهِ</td><td>*</td><td>فَلِهٰذَا قِيلَ مَا شِئتَ اسئَلِ</td></tr>
<tr><td colspan="3">آپنے علم ني اقسام آپوا ما آوي چهے تے سي ج كهوا ما آيو چهے كه تميں جے چاهو تے سؤال كرو.</td></tr>
<tr><td>جَلَّ مَن اَبدَعَ مِنهُ مُبدِعًا</td><td>*</td><td>اَبدَعَ الاَشيَاءَ طُرًّا فَاعقِلِ</td></tr>
<tr><td colspan="3">وه مبدع جليل تهيا جے يه آپنے ابداع كيدا ، آپ يه تمام چيزو نے ابداع كيدي چهے ،
تميں يه سمجهو!</td></tr>
<tr><td>لَيسَ عَقلٌ عَاقِلاً رُتبَتَهُ</td><td>*</td><td>اِنَّهَا مِن عِزَّةٍ فِي مَعقِلِ</td></tr>
<tr><td colspan="3">آپنا رتبة نے كوئي عقل سمجهي سكنار نتهي يه رتبة تو عزة نا معقل ما چهے (قلعة ما چهے).</td></tr>
<tr><td>اِنَّهُ وَالمُصطَفىٰ المُختَارَ فِي</td><td>*</td><td>شِيَمِ المَجدِ عَدِيلاَ مَحمَلِ</td></tr>
<tr><td colspan="3">تحقيقا آپ انے مصطفى المختار بيوے مجد ني خصلتو ما عديل محمل چهے.</td></tr>
<tr><td>شَرَحَ المُجمَلَ مِن تَنزِيلِهِ</td><td>*</td><td>وَالهُدٰى فِي الشَّرحِ لَا فِي المُجمَلِ</td></tr>
<tr><td colspan="3">آپ يه تنزيل نا مجمل نے شرح كيدي انے هداية تو شرح ما ج چهے نهيں كه مجمل ما.</td></tr>
<tr><td>اَيُّ خَطبٍ فَادِحٍ لَايَنجَلِي</td><td>*</td><td>حِينَ يُدعَى يَاعَلِيُّ يَاعَلِي</td></tr>
<tr><td colspan="3">كونسو اهوؤ مهوٹو جوكهم چهے جے تلي نه گيو جے وقت كه "يا علي يا علي" كهي نے
پكاروا ما آيو هوئي.</td></tr>
</table>

يَالَهُ مِن فَاضِلٍ سَالَت عَلى	❋	يَدِهِ نَفسُ النَّبِيِّ المُرسَلِ
عجب اٰپ فضيلة نا صاحب چھوكر اٰپنا هاته مبارك پر نبي مرسل نو نفس مباركة پرواز تھيو.		
فَضلُ مَولَانا عَلِيٍّ مَا بِهِ	❋	نَطَقَت اٰيُ الكِتَابِ المُنزَلِ
مولانا علي نو فضل وه شان نو چھے كر كتاب منزل ني اٰيتو اهنا فضل سي بولا چھے.		
لَا يَرُم عَقلُكَ يَومًا شَأنَهُ	❋	اِنَّهُ بِالعَقلِ مَا لَم يُعقَلِ
تاري عقل كوئي دن اهني شان نے نهيں پهنچي سكے كيم كر عقل سي ير غير معقول چھے.		
اُمَّةٌ عَن حُبِّهِ عَادِلَةٌ	❋	مَا لَهَا فِي حَشرِهَا مِن مَوئِلِ
وه امة جر اٰپني محبة سي لهكنار چھے اهنا واسطے اهنا حشر ما كوئي سهارو نتھي.		
فَعَلَيهِ صَلَوَاتُ اللهِ مَا	❋	فَاحَ فِي العَالَمِ رَيَّا المَندَلِ
خدا ني صلوات اٰپ نا اوپر جهاں لگ كر عالم ما صندل ني خوشبو مهكے.		

مشکل سے دل نہ گھبرا مشکل کشا علی ہیں
امداد وہ کرینگے شیرِ خدا علی ہیں

مایوس ہو نہ اے دل دربار حیدری سے
مانگے گا وہ ملیگا حاجت روا علی ہیں

دشمن اگر ہیں لاکھوں میرا وہ کیا کرینگے
میری زباں پہ یارو ہر وقت یا علی ہیں

دنیا کے سینکڑوں غم آئیں تو غم نہیں ہے
ہم جانتے ہیں جب کہ غم کی دوا علی ہیں

ہے مرتبہ برابر دونوں کا پیشِ داور
شمس الضحی محمد ، بدر الدجی علی ہیں

پیشِ خدا اے مؤمن جانے سے خوف کیوں ہے
اس قافلہ کا رہبر اور رہنما علی ہیں

یہ فضیلت کون رکھتا ہے سوائے بو تراب
ہے خدا کی عرش پہ واللہ جائے بو تراب

بندئے خاکی کو ہے کافی ولائے بو تراب
آشنائے کبریا ہے آشنائے بو تراب

کیا شرف پایا ہے عالم میں علی کی ذات نے
پشتِ پیغمبر پہ تھے کعبہ میں پائے بو تراب

خاک لوں گر ھات میں لیگا تو ھو جائے گی زر
زیورِ لب جسکے ھوگا اسم ھائے بو تراب

شیعۂ حیدر جو ہیں انکو کسی کا ڈر نہیں
ہوئینگے وہ حشر میں زیر لوائے بو تراب

---

[1] آشنائے کبریا – خدانو عاشق

[2] پشت – پیٹھ

[3] زر – دولت

یاد کر تاریکئ مرقد کو کرتا ہوں دعا

بعد مردن قبر میں جلوا دکھائے بو تراب

حل کرو مشکل میری مشکل میں ہم نے جب کہا

مشکلیں حل کرنے کو اُس وقت آئے بو تراب

دل پہ کیا وہم و گماں گندا شبِ معراج میں

جب سنی پردہ سے احمد نے صدائے بو تراب

آپ فرماتے تھے اپنی اب شہادت ہے قریب

مالك اشتر ہوئے جس دم فدائے بو تراب

پوچھتا تھا گر کوئی کرتا ہے کیوں تلوار تیز

زادۂ ملجم یہ کہتا تھا برائے بو تراب

---

[4] تاریکئ مرقد – قبرني ظلمتو

[5] مردن – موت

[6] برائے – واسطے

آن کر مرغابیوں نے شہ کا پکڑا پیرہن

قصر سے جس دم درِ اقدس پہ آئے بو تراب

درسے بھی دیوار سے بھی آئی رونے کی صدا

گھر میں جب اللہ کے تشریف لائے بو تراب

زخم کے اوپر لگا جب زخم تیغ زھر کا

سجدۂ حق سے بھلا کیا سر اوٹھائے بو تراب

پھینک کر مندیلِ سر روح الامین نے آہ کی

جب نظر آئے لہو میں تر قبائے بو تراب

شبر و شبیر جب لائے اوٹھاکر شاہ کو

ہو گیا ماتم سرا دولت سرائے بو تراب

---

[۷] مرغابیوں –بطخ

[۸] مندیل- سنہري پاگڑي

[۹] قبائے -پچھوڑي

[۱۰] ماتم سرا– ماتم

زخم جو کھایا تو تھی اونیسویں رمضان کی
واقعہ ایکیسویں تاریخ پائے بو تراب
بخت تا بندہ نہ کیوں اخلاص کا ہو مؤمنو
لے دعا برہانِ دیں کی کر ثنائے بو تراب

---

[11] تا بندہ—چمکتا هوا

علی میرے آقا علی میرے مولی
میری آج فریاد سن لو اے مولی

تمہاری عطا کا دو عالم میں شہرا[12]
سخی ایسا چشمِ فلک[13] نے نہ دیکھا
ملک نے بھی آ کر تم ہی سے ہے مانگا
جو چاہا وہ مانگا جو مانگا وہ پایا
میری آج فریاد سن لو خدارا
علی میرے آقا علی میرے مولی

[12] شہرا - ناموري

[13] چشمِ فلک – فلک ني آنکھ يرِ

تمہارے لئیے ڈوب کر مہر پلٹا
خدا نے نظامِ شب و روز بدلا
نہیں کوئی ملتا زمانے میں ایسا
کہ اللہ کو جس کا سجدہ ہو پیارا
کمالِ عبادت یہی تھا تمہارا
علی میرے آقا علی میرے مولی

دِکھادو علی اپنی قدرت دکھادو
بنادو میری آج قسمت بنادو
محب ہوں محبت کا کچھ تو صلہ دو
مقدر کی تاریکیاں ہے مِٹادو
کے ہر لفظ کن پر ہے قبضہ تمہارا
علی میرے آقا علی میرے مولی

---

[١٤] مہر- سورج

[١٥] تاریکیاں- ظلمتو

خدا کے لیئے میری فریاد سن لو

گنہگار ہوں میں کرم کی نظر ہو

تمنا ہے جو کچھ خبر سب ہے تمکو

یہ دامن ہے خالی ، مرادو سے بھردو

نہیں ہے تمہارے سوی کوئی میرا

علی میرے آقا علی میرے مولی

علی کی شاں عجب دیکھی
سما میں متجب دیکھی
ولادت اس کی جب دیکھی
تو درِ شہرِ رجب دیکھی

علی ہے یہ علی ہے یہ
خداوند کا ولی ہے یہ
محمد کا وصی ہے یہ
امامت کا دھنی ہے یہ

مدینہ ہے جو پیغمبر
علی حقا ہے اس کا در
اس علمی شہر کے اندر
تو داخل در سے ہو دلبر

سما میں پہنچے پیغمبر
علی کو دیکھے جلوہ گر
ملک کو شوق ہے اکثر
سدا دیکھیں یہی منظر

علی کی شاں ہے ربانی
ملک کرتے تھے دربانی
ابوطالب کے ہیں جانی
یہ دو اسلام کے بانی

علی کے سیف دیں داعی
تھا مظہر جس کا ابداعی
نبی احمد کے تھے بھائی
عجب شاں جس نے دکھلائی

محمد شہ کا جانی ہے
ہے ہم شاں اور ثانی ہے
دعاتوں کی نشانی ہے
فرشتہ آسمانی ہے

وہ طاہر یہ محمد ہے
وہ احمد یہ محمد ہے
پدر وہ یہ تو دل بند ہے
ممد وہ یہ مؤید ہے

یہی تو حق کا سلطان ہے
عوالم کا نگہباں ہے
یہی مولی سے ہر اں ہے
مصیبت ہوتی آساں ہے

علی کا در یہی در ہے

اسی در سے ملے دُر ہے

یہی جنت کے کوثر ہے

جو دشمن ہے وہ ابتر ہے

شہ دیں بندہ پرور ہے

یمانی عبد کمتر ہے

سدا خدمت میں در پر ہے

زباں بس شکر میں تر ہے

---

[١٦] کمتر– نهایة ادنی

نہ کیوں مفہوم واحد ہو علی کا اور محمد کا

محمد نور ایزد ہے علی ہے نام ایزد کا

حدیثِ " لحمک لحمی " گواہِ عدل ہے اس پر

کہ جو مبغض علی کا ہے وہ منکر ہے محمد کا

امام و پیشوا و مقتدا و رہنما تو ہے

ملک کا انس کا جنّ و پری کا دام کا دد کا

وہ مبغوضِ الٰہی ہے وہ ملعونِ ملائک ہے

محب دل سے نہ ہووے جو تری اولادِ امجد کا

---

[17] نہ کیوں مفہوم واحد ہو—بیوے نو مطلب ایک ج کیم نہ ہوئ

[18] ایزد—خدا تعالی

[19] لحمک لحمی - آپنو گوشت مارو گوشت چھے

[20] مبغض—عداوت کرنار

[21] دام—اھوا جانور جہ گھاس کھائ چھے مثلا ھرن وغیرہ

[22] دد—درندہ

پئے شبیر و شبر حق نے بنوائے ہیں جنت میں

محل یاقوت کا ان کا مکان انکا زبرجد کا

یہاں کیا ذکر انساں کا فرشتوں کے ہیں پر جلتے

ہے خود جبریل پروانہ علی کی شمع مرقد کا

شجاعانِ عرب واقف ہیں تیرے زورِ بازو سے

پر جبریل شاھد ہے تری شمشیر کی زد کا

تجھے قادر کیا حق نے سپیدی اور سیاھی پر

تجھے ہے اختیار آقا جہاں میں نیک اور بد کا

تولاّ تجھسے لازم ہے محبت فرض ہے تیری

ہوا واجب ادا کرنا ہے اس فرض مؤکد کا

---

[٢٣] پئے–واسطے

[٢٤] زبرجد–پنّه ، سبز رنگ نو قیمتي پتھر

[٢٥] شمشیر کی زد–تلوار نو وار

[٢٦] سپیدی اور سیاھی پر–رات انے دن پر آپ قادر چھو. (سپیدی – سفید)

[٢٧] تولاّ - محبة

ولادت گاہ کعبہ ہے شہادت گاہ مسجد ہے

جہاں میں مرتبہ ہے فرد زوجِ بنتِ احمد کا

خدا خود مدح کرتا ہے تری قرآن کے اندر

نہیں حدِّ بشر کرنا ترے اوصاف کی حد کا

خدا سے آرزو یہ ہے کہ وقتِ نزع احمد کے

زباں سے نام جاری ہو علی کا اور محمد کا

(زباں سے نام جاری ہو برہان الدیں محمد کا)

[۲۸] وقت نزع - موت نا وقت ما

مشکل میں یادِ حضرت مشکل کشا رہے
کرب و بلا میں یادِ شہِ کربلا رہے
نامِ علی زباں پہ جو وقت قضا رہے
تلخی[29] کے بدلے شہد کا منھ میں مزا رہے
ہر روز روزِ عید ہو ہر شب شب برات
نام علی کا ورد جو صبح مسا رہے
مولودگاہ قبلۂ دنیا و دیں کی ہے
کیونکر نہ کعبہ قبلۂ اہلِ صفا رہے
مشکل تو کیسی سایۂ مشکل نہ پڑنے پائے
جس شخص پر کہ سایۂ مشکل کشا رہے
تعویذ اسمِ اعظمِ حیدر ہو جس کے پاس
دور اُس سے صدمۂ و غم و رنج و بلا رہے

[29] تلخی - کڑواہٹ

یا رب بحرمتِ شہِ کرب و بلا کبھی

رنج و الم ہو مجھ پہ نہ کرب و بلا رہے

اے ربِّ پاک ازپئے آلِ رسولِ پاک

شاداں سدا زماں میں برہان الہدی رہے

یا رب سرِ حسینی پہ بھر حسن حسین

ظلِ ظلیلِ دامنِ اہل الکسا رہے

---

[۳۰] ازپئے –واسطہ سي

[۳۱] شاداں –خوش